(3)

# आदर्श प्रश्न – पत्र उर्दू
## कक्षा – X

## सत्र 2023 – 24

---

नोटः प्रश्न पत्र दो भागों में होगा। पूर्णांकः 70

1. बहुविकल्पीय प्रश्न 20 अंक
2. लिखित प्रश्न 50 अंक

प्रश्नों के प्रकार

| | |
|---|---|
| 1. बहुविकल्पीय प्रश्न | 20 प्रश्न प्रत्येक 1 अंक = 20 |
| 2. अतिलघु उत्तरीय प्रश्न | 03 प्रश्न प्रत्येक 2 अंक = 06 |
| 3. लघु उत्तरीय प्रश्न | 04 प्रश्न प्रत्येक 5 अंक = 20 |
| 4. दीर्घ उत्तरीय प्रश्न | 04 प्रश्न प्रत्येक 6 अंक = 24 |

### کثیرالجواب پرمبنی سوالات (बहुविकल्पीय प्रश्न)

(1) ناول امراؤجان ادا کا مرکزی کردار کون ہے؟

(a) افسری بیگم (b) خانم

(c) امراؤجان (d) گوہر مرزا

(2) غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں؟

(a) مطلع (b) مقطع

(c) بیت الغزل (d) حسن مطلع

(3) اونچی دوکان پھیکے پکوان کیا ہے؟

(a) محاورہ (b) ضرب الامثال

(c) مصرع (d) شعر

P.T.O.

13/7/23

(4) اردو کا پہلا ناول نگار کسے کہا گیا ہے؟

(a) ڈپٹی نذیر احمد (b) پریم چند

(c) ہادی رسوا (d) کرشن چندر

(5) پطرس بخاری کا اصل نام کیا تھا؟

(a) سید بخاری (b) احمد شاہ بخاری

(c) اکبر بخاری (d) سلطان بخاری

(6) حسرت کس شاعر کا تخلص ہے؟

(a) فیض الحسن (b) فضل الحسن

(c) ضیاء الحسن (d) قمر الحسن

(7) اصغر گونڈوی کا اصل وطن کہاں تھا؟

(a) گونڈا (b) فیض آباد

(c) لکھنؤ (d) جونپور

(8) مندرجہ ذیل شعر کس شاعر کا ہے؟

ہے جستجو کے خوب سے خوب تر کہاں
اب ٹھہرتی ہے دیکھیے جا کر نظر کہاں

(a) حالی (b) اقبال

(c) فیض (d) فراق

(9) آتشِ گل کس شاعر کا مجموعۂ کلام ہے؟

(a) فانی بدایونی (b) جگر مرادآبادی

(c) حسرت موہانی (d) غالب

P.T.O.

13/7/23

(10) ''پورے چاند کارات'' افسانہ کس نے لکھا؟

(a) راجیندر سنگھ بیدی
(b) پریم چند
(c) کرشن چندر
(d) عباس حسین

(11) حالی کی پیدائش کہاں ہوئی تھی؟

(a) پانی پت
(b) دلّی
(c) لکھنؤ
(d) حیدرآباد

(12) پروفیسر احتشام حسین کس یونیورسٹی سے وابستہ تھے؟

(a) لکھنؤ یونیورسٹی
(b) دلّی یونیورسٹی
(c) علی گڑھ یونیورسٹی
(d) الٰہ آباد یونیورسٹی

(13) محاورہ ''اگر مگر کرنا'' کے کیا معنٰی ہیں؟

(a) بہانے بنانا
(b) دھوکہ دینا
(c) جھوٹ بولنا
(d) شرمندہ ہونا

(14) ''نازکی ان کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے''

درج بالا شعر میں کون سی صنعت پائی جاتی ہے؟

(a) تشبیہ
(b) استعارہ
(c) تضاد
(d) تلمیح

(15) لفظ ''خبر'' کی جمع ہوتی ہے:

(a) خبریں
(b) اخبار
(c) خبروں
(d) خبریات

P.T.O.

13/7/23

(16) نظم ''روٹی نامہ'' کس نے لکھی ہے؟

(a) اکبرالہ آبادی (b) اقبال

(c) فیض احمد (d) نظیراکبرآبادی

(17) فراق گورکھپوری کا اصلی نام کیا تھا؟

(a) دیاشنکر (b) برج نارائن

(c) جگن ناتھ آزاد (d) رگھوپتی سہائے

(18) لفظ ''ارض'' کا متضاد کیا ہوتا ہے؟

(a) آسمان (b) زمین (c) سماں (d) گماں

(19) ''شمی'' کس افسانے کا کردار ہے؟

(a) گرم کوٹ (b) غبن

(c) عبرت (d) پورے چاند کی رات

(20) وہ لفظ جو اسم کی جگہ بولا جائے کیا کہلاتا ہے؟

(a) صفت (b) فعل (c) ضمیر (d) زمانہ

## مختصر ترین سوالات (अति लघु उत्तरीय प्रश्न)

۱۔ رشید احمد صدیقی کہاں کے رہنے والے تھے؟

۲۔ حالیؔ کی دو کتابوں کے نام لکھئے؟

۳۔ نظم ''ایسٹ انڈیا کے فرزندوں کے نام'' کس نے لکھی ہے؟

## مختصر سوالات (लघु उत्तरीय प्रश्न)

۱۔ صفت کسے کہتے ہیں، مثال کے ساتھ لکھئے ساتھ ہی صفت کی اقسام کے نام بھی لکھئے؟

۲۔ انشائیہ نگاری کی تعریف بیان کرتے ہوئے پانچ اہم انشائیہ نگاروں کے نام لکھئے؟

۳۔ افسانہ پر مختصر نوٹ لکھئے۔

۴۔ مندرجہ ذیل محاوروں سے جملے بنائیے:

آب آب ہونا، آگ بگولہ ہونا، باغ باغ ہونا، منہ میں پانی آنا، سورج کو چراغ دکھانا



13/7/22

## تفصیلی سوالات (दीर्घ उत्तरीय प्रश्न)

۱۔ مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کے کیجیے:

''بڑی تقطیع کی کتابوں کو علیحدہ رکھا دیا چھوٹی تقطیع کی کتابوں کو سائز کے مطابق الگ کھڑا کر دیا۔ ایک نوٹ پیپر پر کتابوں کے مضمون کی تعداد لکھ کر سب کو جمع کیا پھر پندرہ اپریل تک کے مضمون کی تعداد کو دنوں کی تعداد پر تقسیم کیا۔ ساڑھے پانچ سو جواب آیا۔ لیکن اضطراب کیا مجال جو چہرے پر ظاہر ہونے پائے۔ دل میں کچھ تھوڑا سا پچھتائے کہ صبح تین بجے کیوں نہ اٹھ بیٹھے لیکن کم خوابی کے طبی پہلو پر غور کیا تو فوراً اپنے آپ پر ملامت کی۔''

۲۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔

(i) صبح خیزی (ii) صحت ہزار نعمت ہے

(iii) ماں باپ کے حقوق (iv) تعلیم نسواں

۳۔ مندرذیل غیر درسی عبارت کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھیے اور عبارت کو مناسب عنوان بھی دیجیے:

''ہمارے صوبے کے دو بڑے حصے ہیں جن کی آب و ہوا ایک دوسرے سے مختلف ہے۔ اودھ کا علاقہ بہت گرم اور نم ہے۔ وہاں بارش بہت زیادہ ہوتی ہے۔ گرمی بہت تیز پڑتی ہے مئی اور جون میں گرمی کی شدت ہوتی ہے۔ جولائی سے بارش کا موسم شروع ہوتا ہے اور اکتوبر کے شروع تک جاری رہتا ہے۔ صوبے کا دوسرا حصہ یعنی مغربی علاقہ بھی بہت گرم ہے۔ یہاں نمی کے بجائے خشکی ہوتی ہے۔ نومبر سے جاڑے پالے کا موسم شروع ہوتا ہے اور فروری کے آخر تک یہی سلسلہ جاری رہتا ہے۔''

۴۔ مندرجہ ذیل ادیب یا شاعر میں سے کسی ایک کے حالاتِ زندگی اور ادبی خدمات پر تفصیل سے روشنی ڈالئے:

(i) احتشام حسین (iii) فیض احمد فیض

(ii) مرزا ہادی رسوا (iv) مرزا غالب

❀

13/7/23